**07-11-2024**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

**آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ**

**آداب: خبرنامے کے ساتھ میں کلیم احمد**

**پہلے اِس وقت کی اہم خبریں**

**----------**

**1 وزیراعظم نریندرمودی نے امریکہ کے نومنتخب صدر ڈونلڈٹرمپ سے بات کی اور انہیں اُن کی شاندار جیت پر مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا کہ وہ ایک مرتبہ پھر ایک ساتھ مل کر کام کرنے کے منتظر ہیں۔**

**2 مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ مودی سرکار دہشت گردی کو بالکل بھی برداشت نہ کرنے کی اپنی پالیسی کے ساتھ دہشت گردی سے پاک بھارت تعمیر کرنے کیلئے پرعزم ہے۔**

**3 حکومت نے کہا ہے کہ سیٹلائٹ کمیونیکشن atcomزمینی بنیاد پر موبائل نیٹ ورک کا مقابلہ نہیں کرے گا بلکہ اس کی تکمیل کرے گا۔**

**4 صدرجمہوریہ دروپدی مرمو آج گوا میں Day at Sea پروگرام میں شرکت کریں گی۔**

**5 بھارتی ریلویز نے گزشتہ 36 دنوں کے دوران چار ہزار 521 خصوصی ٹرینیں چلاکر 65 لاکھ مسافروں کے سفر میں سہولت فراہم کی ہے۔**

**6 اور اس سال گوا میں 20 سے 24 نومبر کے دوران منعقد ہونے والے بھارت کے بین الاقوامی فلم فیسٹول میں فلم بازار کے 18 ویں ایڈیشن میں 208 فلمیں دکھائی جائیں گی۔**

**اب خبریں تفصیل سے۔**

## PM Trump

**وزیراعظم نریندرمودی نے ڈونلڈ ٹرمپ سے بات چیت کی اور انہیں امریکی صدارتی انتخابات میں شاندار کامیابی حاصل کرنے پر مبارکباد دی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ وہ ٹیکنالوجی، دفاع، توانائی، خلا اور متعدد دیگر شعبوں میں بھارت اور امریکہ کے تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کیلئے ایک بار پھر مل کر کام کرنے کے منتظر ہیں۔ وزیراعظم مودی نے کانگریس کے انتخابات میں ریپبلکن پارٹی کی شاندار کارکردگی پر صدر ٹرمپ کو مبارکباد دی۔ ذرائع کے مطابق دونوں رہنماؤں نے عالمی امن کیلئے مل کر کام کرنے پر اتفاق کیا۔ بات چیت کے دوران جناب ٹرمپ نے کہاکہ پوری دنیا جناب مودی سے محبت کرتی ہے۔ بھارت کو ایک شاندار ملک قرار دیتے ہوئے جناب ٹرمپ نے وزیراعظم مودی کو ایک شاندار انسان قرار دیا۔**

ڈونلڈ ٹرمپ نے کہاکہ وہ جناب مودی اور بھارت کو سچا دوست سمجھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم مودی اُن اولین رہنماؤں میں سے ایک ہیں جن سے انہوں نے اپنی جیت کے بعد بات کی ہے۔

## Cabinet Decision

سرکار نے فوڈ کارپوریشن آف انڈیا FCI کیلئے 10 ہزار 700کروڑ روپے تازہ ایکوئٹی یعنی حصص فراہم کرنے کی منظوری دی ہے۔ میڈیا کو جانکاری فراہم کرتے ہوئے اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہFCI ، خوراک کے حصول میں ایک اہم رول ادا کرتا ہے اور اِس لیے اِسے مزید مستحکم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

سرکار نے ہونہار اور باصلاحیت طلبہ کو مالی مدد فراہم کرنے کی غرض سےPM-Vidyalaxmi اسکیم کو بھی کل منظوری دی۔ اسکیم کے مطابق ساڑھے 7 لاکھ روپے تک کے قرضے کیلئے 75 فیصد گارنٹی سرکار کی طرف سے فراہم کی جائے گی تاکہ بینک اِس میں توسیع کرسکے۔

10لاکھ روپے تک کے قرض کیلئے شرحِ سود میں 3 فیصد کی مالی مدد اُن طلبہ کو فراہم کی جائے گی، جن کے کنبے کی سالانہ آمدنی 8 لاکھ روپے تک ہے۔

## PM Decision

وزیراعظم نریندرمودی نے فوڈ کارپوریشن آف انڈیا FCI کیلئے دس ہزار 700 کروڑ روپے کی تازہ ایکوئٹی فراہم کرنے کے کابینہ کے فیصلے کی ستائش کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ اس سرمایہ کاری سے خوراک کی خریداری اور مناسب طور پر اس کی تقسیم کی FCI کی صلاحیت میں اضافہ ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس سے کسانوں کیلئے بہتر مالی مدد کو یقینی بنایا جاسکے گا اور یہ قومی سطح پر خوراک کی یقینی فراہمی میں تعاون فراہم کرے گا۔

وزیراعظم نے معیاری تعلیم کیلئے نوجوانوں کو مدد فراہم کرنے کیلئے پی ایم ودیا لکشمی اسکیم کی منظوری کی بھی تعریف کی۔ انہوں نے کہاکہ یہ اسکیم یوا شکتی کو با اختیار بنانے اور ہمارے ملک کیلئے ایک روشن مستقبل تعمیر کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔

## Amit Shah Conference

مرکزی وزیرداخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ مودی سرکار دہشت گردی کو بالکل بھی برداشت نہ کرنے کی پالیسی کے ساتھ دہشت گردی سے پاک بھارت کی تعمیر کیلئے پرعزم ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب شاہ نے کہا کہ آج نئی دلی میں شروع ہونے والی دو روزہ انسداد دہشت گردی کانفرنس ملک کی سلامتی کو مضبوط بنانے کیلئے ایجنسیوں کے درمیان تال میل میں مزید اضافہ کرے گی۔ وزیر داخلہ اس کانفرنس سے خطاب کریں گے۔ اس کانفرنس کا انعقاد قومی جانچ ایجنسی این آئی اے کے ذریعے کیا جارہا ہے۔ کانفرنس میں مکمل حکومت کے متحدہ اور مجموعی طریقہ کار کے ذریعے دہشت گردی سے نمٹنے کیلئے مختلف شراکت داروں کے درمیان ہم آہنگی کو فروغ دینے پر کلیدی توجہ مرکوز رہے گی۔

یہ کانفرنس پولیس کے سینئر افسران، مرکزی ایجنسیوں کے آفیسروں، قانون، فارنسک اور ٹیکنالوجی کے ماہرین کو اکٹھا کرے گی تاکہ انسداد دہشت گردی کیلئے قانونی فریم ورک، مقدمہ

چلانے کے چیلنجز اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کے کردار جیسے اہم امور پر تبادلہ خیال کیا جاسکے۔

**Prez Goa**

صدرجمہوریہ دروپدی مرمو آج گوا کا دورہ کریں گی۔ وہ **Day at Sea** پروگرام میں شرکت کریں گی۔ یہ پروگرام بھارتی بحریہ کے جہاز **INS** وکرانت سے فلائنگ آپریشن کی جھلکیاں سمیت بھارتی بحریہ کے جنگجو طیاروں کے کام کاج کی صلاحیتوں کو اجاگر کرے گا۔

**Pemasani Space**

مواصلات کے وزیر مملکت چندر شیکھر **Pemmasani** نے کہا یہ کہ سیٹیلائٹ کمیونکیشن، **Satcom**کا زمین پر موجود موبائل نیٹ ورک سے مقابلہ نہیں ہوگا، بلکہ اس سے ان کی تکمیل ہوگی۔

نئی دلی میں تیسرے بھارتی خلائی کانکلیو سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ **Satcom**کو بڑے پیمانے پر کنکٹی ویٹی کے حصول کے لیے، **5**جی اور **6**جی جیسی زمین پر موجود نیٹ ورک ٹکنالوجیز کی تکمیل کے طور پر دیکھا جانا چاہیے۔ جناب **Pemmasani** نے کہا کہ **5** جی اور آنے والا **6** جی نیٹ ورک **Satcom** کے ساتھ مل کر زمین اور آسمان دونوں کو مربوط کر سکتے ہیں۔

**Maharashtra Campaign**

مہاراشٹر میں اسمبلی انتخابات کیلیے مہم میں تیزی آگئی ہے۔ کانگریس نے اسمبلی انتخابات کے لیے، اپنے منشور میں پانچ گارنٹیوں کا اعلان کیا ہے۔ کانگریس کے رہنما راہل گاندھی نے ان گارنٹیوں کا اعلان کیا جن میں خواتین کو ماہانہ تین ہزار روپئے، خواتین اور لڑکیوں کے لیے بس میں مفت سفر، کسانوں کے قرض کی معافی اوران کے لیے ترغیبات شامل ہیں۔

**V/C Prarthana**

وزیراعظم اور **BJP** کے سینئر رہنما نریندر مودی مہاراشٹر اسمبلی انتخابات کے لیے کل سے چناؤ مہم شروع کریں گے۔ آنے والے سات دن میں توقع ہے کہ جناب مودی دھولے، ناسک، اکولا، ناندیڑ، چندرپور، **Chimur**، شولا پور، پونے، چھترپتی سمبھاجی نگر، نوی ممبئی اور ممبئی میں عوامی ریلیوں سے خطاب کریں گے۔ مرکزی وزیر اور **BJP** رہنما نتن گڈکری آنے والے آٹھ دن میں ریاست میں **50** عوامی ریلیوں سے خطاب کریں گے۔ نائب وزیراعلیٰ اور نیشنلسٹ کانگریس پارٹی کے قومی صدر اجیت پوار آج **Anushakti Nagar** اور گونڈی میں انتخابی مہم چلائیں گے اور اودھو ٹھاکرے کی قیادت والی شیوسینا آج اپنا انتخاب منشور جاری کرے گی۔اس دوران انتخابات کے اعلان کے بعد سے ریاست میں انتخابی کمیشن کے ساتھ کام کرنے والی ایجنسیوں نے **280** کروڑ روپئے کی مالیت کی نقدی، تحائف، شراب اور قیمتی دھاتیں ضبط کی ہیں۔**x**

ممبئی سے پرارتھنا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں فہیم احمد

**Jharkhand Jamshedpur**

اسمبلی حلقوں کے انتخابی منظرنامے کی سیریز کے تحت آج ہم جھارکھنڈ کے مشرقی سنگھ بھوم ضلعے میں واقع جمشیدپور ویسٹ اسمبلی سیٹ پر ایک نظرڈالتے ہیں۔ اس حلقے میں پہلے مرحلے کے تحت اس مہینے کی 13 تاریخ کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**VC- K K Lal**

اس بار جمشید پور ویسٹ حلقے کا سیاسی منظرنامہ بدل گیا ہے۔ این ڈی اے کے سیٹوں کے بٹوارے کے فارمولے کے تحت یہ سیٹ جنتادل یونائیٹڈ کے پاس چلی گئی ہے اور اس سیٹ سے سرجو رائے چناؤ لڑرہے ہیں۔ 2019 اسمبلی انتخابات میں جناب رائے آزاد امیدوار کے طور پر جمشید پور ایسٹ حلقے سے منتخب ہوئے تھے۔ چناؤ سے پہلے انہوں نے جنتادل یو میں شمولیت اختیار کرلی۔ وہیں دوسری طرف ریاستی وزیر بنّا گپتا اس سیٹ سے موجودہ ایم ایل اے ہیں۔ وہ کانگریس امیدوار کے طور پر یہاں سے چناؤ لڑرہے ہیں۔ سرجو رائے کو بی جے پی کے باغی امیدوار وکاس سنگھ اور آزاد امیدوار شمبھوناتھ چودھری کا چیلنج درپیش ہے۔ یہاں اگرچہ 15 آزاد امیدواروں سمیت کُل 28 امیدوار چناؤ میدان میں ہیں لیکن اصل مقابلہ کانگریس کے بنّاگپتا اور جنتادل یو کے سرجو رائے کے درمیان ہے۔

بے روزگاری، نقل مکانی اور تعلیم اس حلقے کے اہم مسائل ہیں۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ بنّا گپتا یہ سیٹ برقرار رکھ پاتے ہیں یا سرجو رائے کو یہاں سے جیت حاصل ہوتی ہے۔

جھارکھنڈ سے کے کے لال کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں محمدعمار

**Indian Railways**

بھارتی ریلویز نے گزشتہ 36 دنوں کے دوران چار ہزار 521 خصوصی ٹرینیں چلاکر 65 لاکھ مسافروں کے سفر میں سہولت فراہم کی ہے۔بھارتی ریلویز نے 4 نومبر 2024کو 120 لاکھ سے زیادہ مسافروں کو سفر میں سہولت فراہم کی۔ ایک روز میں سفر کرنے والے مسافروں کی یہ سب سے بڑی تعداد ہے۔ مغربی ریلویز کے ذریعے جاری ایک پریس ریلیز کے مطابق 20 لاکھ سے زیادہ ریزرو اور 100 لاکھ سے زیادہ غیر ریزو مسافروں نے پیر کے روز ریل سروس کا استعمال کیا۔ مسافروں کی یہ تعداد اس سال سب سے زیادہ رہی۔ قابل ذکر ہے کہ بھارتی ریلویز نے پہلی اکتوبر سے 30 نومبر کے دوران 7 ہزار 600 سے زیادہ خصوصی ٹرینیں چلارہا ہے۔ تہواروں کے سیزن کے دوران مسافروں کی بھیڑ پرقابو پانے کیلئے پچھلے سال چلائی گئی خصوصی ٹرینوں کے مقابلے یہ تقریباً 73 فیصد زیادہ ہے۔

**MP Govt Jobs**

مدھیہ پردیش میں تمام سرکاری نوکریوں میں خواتین کو اب 33 فیصد کی جگہ 35 فیصد ریزرویشن ملے گا۔ وزیراعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو کی قیادت میں ہوئی کابینہ کی میٹنگ میں اس تجویز کو منظودی دی گئی۔

## Film Bazaar

بھارت کا 55 واں بین الاقوامی فلم فیسٹیول 20 نومبر سے گوا میں شروع ہوگا اور 24 نومبر تک جاری رہے گا۔ اس فیسٹیول میں فلم بازار کے اٹھارویں ایڈیشن کے تحت مختلف قسم کی 208 فلمیں دکھائی جائیں گی۔

ایک پریس ریلیز کے مطابق، نمائش روم میں ان فلموں کو دکھایا جائے گا، جو مکمل ہو چکی ہیں یا تکمیل کے مرحلے میں ہیں۔ اِس سے فلم سازوں کو عالمی فلم پروگرامز، تقسیم کاروں، سیلز ایجنٹوں اور سرمایہ کاروں سے رابطہ قائم کرنے میں مدد ملے گی۔

نیشنل فلم ڈیولپمنٹ کارپوریشن آف انڈیا، NFDکے مینجنگ ڈائریکٹر Prithul Kumar نے کہا کہ اس اقدام کا مقصد فلموں سے وابستہ افراد کو بااختیار بنانا ہے تاکہ وہ دنیا کے ساتھ اپنے نظریات کا اشتراک کر سکیں۔x

## Chhath Puja

چھٹھ پوجا کی جاری تقریبات کے تیسرے روز آج عقیدت مند دریاؤں کے کنارے واقع مختلف چھٹھ گھاٹوں پر ڈوبتے ہوئے سورج کو Sandhya Arghyaپیش کریں گے۔ بڑی تعداد میں عقیدت مند تالابوں، آبی ذخائر اور اپنے گھروں کی چھت پر کئے گئے عارضی انتظامات پر مذہبی رسوم ادا کریں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

VC- Dharminder Kumar

مقبول مذہبی گیتوں کے ساتھ بہار میں ماحول چھٹھ پوجا کے رنگ میں رنگ گیا ہے۔ عوام کی شرکت سے ہر جگہ صفائی ستھرائی کی مہم جاری ہے۔ چھٹھ گھاٹوں کو رنگ برنگی روشنیوں سے سجایا گیا ہے۔ چھٹھ پوجا کا جو ہر انسانوں اور فطرت کے درمیان رابطے میں پنہاں ہے چونکہ چھٹھ پوجا فطرت کے دیوتا یعنی سورج دیوتا کی پوجا ہے، اس لیے عقیدت مند تمام موسمی فصلوں، پھلوں اور سبزیوں کو سورج دیوتا کو چڑھاتے ہیں۔ یہ تہوار صحت و تندرستی، ماحولیاتی بیداری کو فروغ دیتا ہے اور مقامی معیشت میں مددگار ہے۔ پوجا میں روایتی طور پر استعمال ہونے والے سوپ، Dauraاور دیگر اشیا بانس یا ماحول دوست مٹیریل سے بنائے جاتے ہیں۔ مٹی کے دیئے، مٹی کے چولھے، آم کی لکڑیاں اور بہت سے دیگر چڑھاوے براہِ راست مقامی کاریگروں اور چھوٹے وینڈرس سے لیے جاتے ہیں۔

پٹنہ سے دھرمیندر کمار رائے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں محمدعمار

## Prez Chhath Puja

صدرجمہوریہ دروپدی مرمو نے چھٹھ پوجا کے موقع پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے پیغام میں صدرجمہوریہ نے کہا کہ چھٹھ پوجا ملک کے قدیم ترین تہواروں میں سے ایک ہے۔ یہ سورج کی پوجا کرنے کا ایک موقع ہے۔ صدرجمہوریہ نے مزید کہا کہ یہ فیسٹول قدرت کے منفرد اور انمول خزانے دریاؤں اور تالابوں کو اعزاز بخشتا ہے۔ یہ سخت ورت کے ذریعے ذہن اور روح کی صفائی بھی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ تہوار ماحولیات کی حفاظت کرنے کیلئے لوگوں کو تحریک بھی دیتا ہے۔ صدرجمہوریہ نے دعا کی کہ یہ فیسٹول لوگوں کی زندگیوں میں خوشیاں لے کر آئے اور فطرت کیلئے احترام بدستور بڑھتا رہے۔

## Sports RoundUP

بیڈمنٹن میں، بھارت کے Kiran George کا مقابلہ، آج کوریاما ماسٹرز ٹورنامنٹ کے مردوں کے سنگلز کے پری کوارٹر فائنل میں تائیوان کے Chi Yu-Jen سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق ساڑھے دس بجے شروع ہوگا۔

اس سے پہلے جارج نے ویتنام کے اپنے حریف Nguyen Hai Dang کو کل ایک سخت مقابلے کے پہلے راؤنڈ میں پندرہ۔اکیس، اکیس۔بارہ، اکیس۔پندرہ سے شکست دی تھی۔ دنیا کے 41 ویں نمبر کے بھارتی بیڈ منٹن کھلاڑی نے پہلا گیم چھوڑنے کے باوجود اگلے راؤنڈ میں اپنی جگہ محفوظ کرلی ہے۔

اُدھر ٹینس میں بھارت کے Divij Sharan اور ان کے اسرائیل کے ساتھ Daniel Cukiermanنے فِن لینڈ کے Helsinki میں HPP اوپن میں مردوں کے ڈبلز کوارٹر فائنل میں جگہ بنالی ہے۔x

یہ تھی خبریں

## PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: فہیم احمد

شکریہ -کلیم

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے سبھی اردو اخبارات نے امریکہ کے صدارتی انتخابات میں ڈونلڈ ٹرمپ کی کامیابی کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ اخبار پرتاپ کی شہ سرخی ہے ڈونلڈ ٹرمپ پھر امریکہ کے صدر منتخب، وزیراعظم مودی سمیت دنیا بھر کے سربراہان مملکت کی مبارکباد۔ اخبارات نے وزیراعظم کی صدارت میں ہوئی کابینہ کی میٹنگ میں پردھان منتری ودیا لکشمی یوجنا کو کابینہ کی طرف سے منظوری دیے جانے کی خبر کو نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔ اخبار ملاپ کی اس سلسلے میں سرخی ہے: نوجوانوں اور متوسط طبقے کے لیے، 10 لاکھ روپئے تک قرض کی سہولت۔ اخبارت ہندوستان ایکسپریس کی ایک سرخی ہے بھارت اور امریکہ نے دفاعی شعبے میں تعاون کا جائزہ لیا۔ شیئر بازار میں ایک فیصد سے زیادہ تیزی درج

کی گئی، اس خبر کو روزنامہ راشٹریہ سہارا سمیت دیگر اخباروں نے نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔

اخبار انقلاب لکھتا ہے نیتن یاہو نے جنگ کے دوران وزیر دفاع کو برطرف کیا۔

اخبارات کی دیگر بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

- لبنان میں اسرائیلی فضائی حملوں میں 25 افراد ہلاک، 32 زخمی۔
- غزہ سے اسرائیل کی ریزرو فوج کی واپسی۔
- ایف بی آئی کا روس پر امریکی انتخابات میں مداخلت کا الزام، ایران کو بھی خطرہ قرار دیا۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 وزیراعظم نریندرمودی نے امریکہ کے نومنتخب صدر ڈونلڈٹرمپ سے بات کی اور انہیں اُن کی شاندار جیت پر مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا کہ وہ ایک مرتبہ پھر ایک ساتھ مل کر کام کرنے کے منتظر ہیں۔

2 مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ مودی سرکار دہشت گردی کو بالکل بھی برداشت نہ کرنے کی اپنی پالیسی کے ساتھ دہشت گردی سے پاک بھارت تعمیر کرنے کیلئے پرعزم ہے۔

3 حکومت نے کہا ہے کہ سیٹلائٹ کمیونیکشن atcomزمینی بنیاد پر موبائل نیٹ ورک کا مقابلہ نہیں کرے گا بلکہ اس کی تکمیل کرے گا۔

4 صدرجمہوریہ دروپدی مرمو آج گوا میں Day at Sea پروگرام میں شرکت کریں گی۔

5 بھارتی ریلویز نے گزشتہ 36 دنوں کے دوران چار ہزار 521 خصوصی ٹرینیں چلاکر 65 لاکھ مسافروں کے سفر میں سہولت فراہم کی ہے۔

6 اور اس سال گوا میں 20 سے 24 نومبر کے دوران منعقد ہونے والے بھارت کے بین الاقوامی فلم فیسٹول میں فلم بازار کے 18 ویں ایڈیشن میں 208 فلمیں دکھائی جائیں گی۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---